نیلام عام حقوق وصولی اڈا فیس

جنرل بس سٹینڈ سیالکوٹ چھاؤنی

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ ٹھیکہ برائے حقوق وصولی اڈا فیس جنرل بس سٹینڈ بمطابق شیڈول سیالکوٹ کنٹونمنٹ بورڈ برائے ایک سال یکم جولائی 2024ء تا 30 جون 2025ء مورخہ 24 جون 2024ء بوقت 12 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ درج ذیل شرائط پر نیلام کر رہا ہے۔ مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہونے پر / مسترد ہونے کی صورت میں اگلی تاریخ 25 جون 2024ء کو دوبارہ بولی ہوگی۔ اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی فائنل نہ ہوئی تو آئندہ بولی مورخہ 26 جون 2024ء کو ہوگی۔

شرائط:-

1۔ ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے قبل زر بیعانہ مبلغ -/Rs:1,00,00,000 کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر سیالکوٹ کینٹ جمع کروانا ہوگا۔ نقد رقم قابل قبول نہ ہوگی۔ جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے بولی کے اختتام پر واپس کردی جائے گی۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنی بولی کا 1/4 حصہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔ 1/4 حصہ جمع نہ کروانے کی صورت میں زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلیا جائے گا۔

3۔ جنرل بس سٹینڈ سیالکوٹ کی بولی عرصہ ایک سال کے لیے ہوگی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی کل رقم 12 مساوی اقساط کی صورت میں ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک دفتر ہذا میں لازمی جمع کروانا ہوگی۔ کسی قسط مذکورہ تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ اور زر ضمانت ضبط تصور ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس سٹینڈ فیس کنٹونمنٹ بورڈ کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق وصول کرنے کا مجاز ہوگا شیڈول کی کاپی دفتر ہذا سے لی جاسکتی ہے۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ جنرل بس سٹینڈ کے تمام پانی و بجلی کے بل ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ موجودہ پانی و بجلی تنصیبات کو درست حالت میں رکھنا بھی ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔ اس سلسلے میں اگر اخراجات ہوئے تو وہ بذمہ ٹھیکیدار ہوں گے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ عملہ کنٹونمنٹ بورڈ جو کہ بس سٹینڈ پر وصولی وغیرہ کے فرائض انجام دے گا۔ ان کی تنخواہ اور دیگر واجبات ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ افراد یا کمپنی جو کہ ادارہ ہذا کے نادہندہ ہیں براہ راست یا کسی اور کے ذریعے بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری ہونے کے بعد 07 یوم کے اندر دفتر ہذا سے تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

11۔ جنرل بس سٹینڈ میں صفائی ستھرائی رکھنے کی ذمہ ٹھیکیدار کی ہوگی۔

12۔ انتظار گاہ میں ٹھنڈا پانی رکھنے کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔

13۔ وصولی اڈا فیس کے لیے باقائدہ کاؤنٹر مختص کرنا اور رسید کا اجراء ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

14۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ساتھ لائیں گے۔ اس کے علاوہ جو شخص کسی دوسرے کے لیے بولی دے گا اور اس شخص کا اتھارٹی لیٹر ساتھ لائے گا۔

15۔ دیگر معلومات ٹھیکہ کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کی جاسکتی ہیں۔ یا R.S کنٹونمنٹ بورڈ سے ٹیلی فون نمبر 4267905 پر دفتری اوقات کار میں رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

16۔ مجاز اتھارٹی بغیر وجہ بتائے کسی بھی بولی کو PPRA RULES کے تحت مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور کامیاب بولی تابع منظوری بورڈ ہوگی۔

17۔ نیلامی بمطابق قواعد ضوابط پیپرا رولز 2004ء عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

سیالکوٹ کینٹ

Scanned with CamScanner